حرف اوّل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ کے مرتب کردہ ''مطالعہ قرآن حکیم کا منتخب نصاب'' تحریک رجوع الی القرآن اور فریضۂ اقامتِ دین کی جدّوجہد کی بنیاد اور اساس کا درجہ رکھتا ہے۔ چنانچہ محترم ڈاکٹر صاحب نے متعدد بار اس منتخب نصاب کے مفصل اور مختصر درس دیئے ہیں۔ صدر ضیاء الحق مرحوم کے دور میں ٹی وی پروگرام ''الہدیٰ'' میں بھی اسی منتخب نصاب کے دروس نے ایک طرف دعوت رجوع الی القرآن کو ملک کے طول وعرض میں متعارف کرادیا تھا اور دوسری طرف مغرب زدہ طبقے کی نیندیں حرام کردی تھیں اور اس طبقے کی خواتین اس قرآنی پروگرام کے آگے بند باندھنے کے لئے سڑکوں پر نکل آئی تھیں۔ محترم ڈاکٹر صاحب کا یہ سلسلۂ دروس گزشتہ آٹھ برسوں سے حکمت قرآن کے صفحات میں پیش کیا جارہا ہے۔ مطالعہ قرآن حکیم کے اس منتخب نصاب کا آخری اور چھٹا حصہ ''اُمّ المُسبّحات سورۃ الحدید'' پر مشتمل ہے جو امتِ مسلمہ سے خطاب کے ضمن میں قرآن حکیم کی جامع ترین سورت ہے۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے چند برس قبل قرآن آڈیٹوریم میں سورۃ الحدید کا درس بیس نشستوں میں مکمل کیا تھا۔ زیرنظر شمارے میں اس سلسلے کی سولھویں قسط شامل اشاعت کی جارہی ہے۔ اس طرح مزید چار اقساط کی اشاعت کے بعد یہ سلسلہ ان شاء اللہ العزیز تکمیل پذیر ہوجائے گا۔

زیرنظر شمارے کا ایک اہم مضمون ''اخلاقِ نبوت سے اکتسابِ فیض کی شرط اور علامت'' ہے جو استاذ مکرم پروفیسر حافظ احمد یار صاحب علیہ الرحمہ کا تحریر کردہ ہے۔ اس مضمون میں حافظ صاحب مرحوم نے سیرت طیبہ کے اس پہلو پر روشنی ڈالی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انوارِ نبوت ورسالت کی تجلی گاہ بنانے کے لئے آخر جزیرۃ العرب ہی کو کیوں منتخب فرمایا اور باقی ساری مخلوقات کو چھوڑ کر اہل عرب ہی کو کیوں اس دین کا سرچشمہ اور اس کا مرکز ومنبع بنانے کے لئے چن لیا؟

انسانی معاشرہ خاندانوں سے مل کر وجود میں آتا ہے اور مسلمان معاشرے کی اصلاح میں خاندان کی اصلاح وتربیت کو بنیادی مقام حاصل ہے۔ لہٰذا ہمارے دین نے والدین پر اپنی اولاد کی اصلاح و تربیت کی ذمہ داری عائد کی ہے۔ اس ضمن میں سید وصی مظہر ندوی صاحب کا مضمون ''اولاد کے حقوق اسلام کی نظر میں'' شاملِ اشاعت کیا گیا ہے، جو مختصر ہونے کے باوجود موضوعِ زیر بحث کے جملہ پہلوؤں کا بڑی حد تک احاطہ کرتا ہے۔

مزید برآں سید قاسم محمود صاحب کا سلسلہ 'نباتاتِ قرآن'، پروفیسر محمد یونس جنجوعہ صاحب کا درسِ حدیث اور تعارف وتبصرۂ کتب اور عبدالرشید عراقی صاحب کا سیرت وسوانح...... یہ سب کچھ ایک ہی شمارے میں یکجا کر کے ہم نے گویا کوزے میں دریا بند کرنے کی کوشش کی ہے۔ ہمیں اپنے قارئین کی آراء کا انتظار ہے کہ انہوں نے حکمت قرآن کا تازہ شمارہ کیسا پایا اور آئندہ شمارہ مزید بہتر بنانے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں!

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c